**14.11.2024**
**13.50 Hrs**
**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شبانہ رحمٰن
Music

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

☆ وزیراعظم نریندر مودی کو Dominica کے اعلیٰ ترین قومی اعزاز سے سرفراز کیا جائے گا۔
☆ جھارکھنڈ اور مہاراشٹر کی انتخابات والی ریاستوں میں چناؤ مہم زور و شور سے جاری ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے اعلیٰ رہنما کئی کئی ریلیاں اور روڈ شور کررہے ہیں۔
☆ سری لنکا میں پارلیمانی انتخابات کیلئے ووٹنگ کا سلسلہ جاری ہے۔
☆ آج نئی دِلی کے بھارت منڈپم میں 43واں بھارتی بین الاقوامی تجارتی میلہ شروع ہوگیا ہے۔
☆ اور ہاکی میں آج شام بہار میں خواتین کی ایشیائی چمپئن ٹرافی میں بھارت کا مقابلہ تھائی لینڈ سے ہوگا۔

Music
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

Dominica PM Modi

Dominica نے Guyana میں بھارت CARICOM سربراہ میٹنگ میں وزیراعظم نریندر مودی کو اپنے اعلیٰ ترین قومی اعزاز سے سرفراز کرنے کا اعلان کیا ہے۔ Dominica نے کووڈ-19 وبا کے دوران اُس کے تئیں اشتراک اور بھارت اور Dominica کے درمیان شراکت داری کو مضبوط کرنے کے سلسلے میں عہد بستگی کے حوالے سے وزیراعظم مودی کو Dominica ایوارڈ سے نوازنے کا فیصلہ کیا ہے۔
Dominica کی صدر Sylvanie Burton اِس ماہ کی 19 اور 21 تاریخ کو Guyana کے جارج ٹاؤن میں منعقد ہونے والی بھارت Caricom سربراہ میٹنگ میں انہیں اِس اعزاز سے نوازیں گی۔
اِس اعزاز سے وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں Dominica کیلئے حفظانِ صحت، تعلیم اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں بھارت کی مدد کوتسلیم کئے جانے کے اظہار کے ساتھ ساتھ عالمی سطح پر وزیراعظم کے آب وہوا کی تبدیلی سے نمٹنے کی خاطر اقدامات اور پائیدار ترقی کے فروغ کے سلسلے میں اُن کا کردار بھی نمایاں ہوتا ہے۔×

PM-Janjatiya Gaurav Divas

وزیراعظم نریندر مودی جَن جاتیہ گورَو دیوس کے موقع پر کل بہار کے جموئی کا دورہ کریں گے۔ اُن کے اس دورے سے 'دھرتی آبا' بھگوان برسامنڈا کی 150 ویں سالگرہ کی تقریبات کا آغاز ہوگا۔ جناب مودی کل صبح بھگوان برسا منڈا کے اعزاز میں ایک یادگاری سکّہ اور ڈاک ٹکٹ بھی جاری کریں گے۔ وہ 6 ہزار 640 کروڑ روپے سے زیادہ کی مالیت کے متعدد
~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔ ان پروجیکٹوں کا مقصد خطے کے دیہی اور دور دراز کے علاقوں میں قبائلی برادری کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانا اور بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینا ہے۔×

Jharkhand-Campaigning

جھارکھنڈ میں پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کے مکمل ہوجانے کے بعد دوسرے مرحلے کی چناؤ مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ دوسرے مرحلے کے انتخابات اس مہینے کی 20 تاریخ کو ہوں گے۔ NDA اور I.N.D.I.A بلاک دونوں کے لیڈروں کے آج کئی عوامی جلسوں سے خطاب کرنے کا پروگرام ہے۔ BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر داخلہ امت شاہ نے آج گریڈیہہ میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔

وزیر داخلہ امت شاہ کا آج Gandey اور بوکارو میں بھی چناوی ریلیوں سے خطاب کا پروگرام ہے۔ اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ دھنباد، بوکارو اور Bermo میں چناؤ ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے سینئر لیڈر اور وزیراعلیٰ ہیمنت سورین بھی دیوگھر، دمکا اور بوکارو میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

RJD، AJSU اور بائیں بازو کی پارٹیوں کے رہنما بھی ریاست کے مختلف حصوں میں عوامی میٹنگوں سے خطاب کریں گے۔ جھارکھنڈ میں اِس ماہ کی 20 تاریخ کو دوسرے مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹنگ کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔×

Maharashtra Capmaigning

مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم زور و شور سے جاری ہے۔ وزیراعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی آج ریاست میں تین ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

دوسری طرف لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر اور کانگریس کے رہنما راہل گاندھی آج نندُربار اور ناندیڑ میں چناؤ مہم میں حصہ لیں گے۔

NCP-SP کے سربراہ شردپوار پونے کے مختلف حلقوں میں چناؤ مہم میں حصہ لیں گے۔

شیوسینا یوبی ٹی کے سربراہ اُدھوٹھاکرے چھترپتی سمبھاجی نگر اور Ahilyanagar میں ریلیوں سے خطاب کریں گے۔×

Sri Lanka Polling

سری لنکا میں پارلیمانی انتخابات کے تحت 13 ہزار 421 پولنگ مراکز میں ووٹنگ کا سلسلہ جاری ہے اور دوپہر ایک بجے تک مختلف صوبوں سے 30 سے 50 فیصد ووٹنگ کی خبر ہے۔ 225 رکنی پارلیمنٹ کے انتخابات کیلئے ایک کروڑ 70 لاکھ ووٹر ووٹ دینے کے اہل ہیں۔ صدر انوراکمارا دِس نائیکے، وزیراعظم ڈاکٹر ہرینی امراسوریہ، سابق صدر رانیل وکرما سنگھے، ایس جے بی لیڈر سجتھ پریم داسا نے آج صبح اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ ووٹنگ پُرامن طور پر جاری ہے اور پورے جزیرے سے اب تک کسی ناخوشگوار واقعہ کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔

ووٹوں کی گنتی سہ پہر سوا چار بجے شروع ہونے کا امکان ہے۔×

IITF

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں بھارت کے 43 ویں بین الاقوامی تجارتی میلے کا افتتاح کیا۔ اِس موقع پر کوئلے اور کانوں کے محکمے کے وزیر جی کشن ریڈی نے بھارت کے بین الاقوامی تجارتی میلے میں کانوں

کی وزارت کے پویلین کا افتتاح کیا۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے، ITPO کے اشتراک سے متعلق جنرل مینیجر شنکرا نند بھارتی نے بتایا کہ اِس سال کے میلے کا موضوع وِکست بھارت 2047@ پر مبنی ہے اور جھارکھنڈ میلے کی توجہ والی ریاست ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ بہار اور اترپردیش پارٹنر ریاستیں ہیں۔

SB - Shankara Nand Bharti

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ 14 روز تک جاری رہنے والے اِس میلے میں چین ، مصر ، ایران ، جنوبی کوریا ، تھائی لینڈ ، ترکی اور متحدہ عرب امارات سمیت مختلف ممالک حصہ لے رہے ہیں۔ یہ میلہ آج سے 5 دنوں کیلئے تجارتی کاروبار کیلئے مخصوص ہوگا ۔ اس کے بعد اسے عام لوگوں کیلئے 27 نومبر تک کھول دیا جائے گا۔×

Coaching Institute Guideline

صارفین کے تحفظ سے متعلق مرکزی اتھارٹی CCPA نے والدین اور امیدواروں کو گمراہ ہونے سے بچانے کیلئے سبھی کوچنگ اداروں کیلئے رہنما خطوط جاری کیے ہیں کہ وہ اپنے طلبا اور کورس سے متعلق معلومات لازمی طور پر فراہم کریں۔

صارفین کے امور کی سیکریٹری ندھی کھرے نے نئی دلّی میں مختلف کوچنگ اداروں کے ذریعے استعمال کیے جانے والے گمراہ کن اشتہارات کے خلاف رہنما خطوط کا ایک مجموعہ جاری کیا۔

رہنما خطوط کے مطابق کوچنگ اداروں کیلئے ضروری ہے کہ وہ اپنے کام کاج کے بارے میں کوئی بھی اعلان اور وضاحت کو نمایاں طور پر مشتہر کرے، جبکہ کم عمر امیدواروں کے منتخب ہونے کی صورت میں اُن کی تصویر اور تصدیق نامہ کے استعمال کیلئے اُن کی رضامندی ضروری ہوگی۔

رہنما خطوط کے مطابق اداروں کو اپنی خدمات، سہولیات اور بنیادی ڈھانچے کے بارے میں صحیح اطلاع فراہم کرنی ہوں گی۔ رہنما خطوط میں کوچنگ، کوچنگ سینٹر اور اشتہار سے متعلق واضح طور پر معلومات فراہم کرنے کو کہا گیا ہے۔

صارفین کے امور کی سیکریٹری نے غلط اور غیر مصدقہ دعووں، ضمانتوں اور کامیابی کی شرح کی تشہیر کے خلاف بھی خبردار کیا ہے۔×

NIA - Srinagar

قومی تفتیشی ایجنسی NIA نے لشکرِ طیبہ کی ایک شاخ The Resistance Front سے تعلق رکھنے والے ایک ملزم دہشت گرد کی غیرمنقولہ جائیداد قرق کرلی ہے۔ یہ کارروائی اِس سال فروری میں سری نگر میں دو غیر مقامی افراد کی وحشیانہ ہلاکت سے متعلق ایک معاملے میں کی گئی ہے۔ Zaldagar ، سری نگر میں املاک کو غیرقانونی سرگرمیوں کی روک تھام کے قانون کی دفعہ 25 کے تحت قرق کیا گیا ہے۔ دہشت گردی کا ملزم اِس وقت سری نگر کی سینٹرل جیل میں ہے اور اُس پر مقدمہ چل رہا ہے۔×

World Diabeties Day

آج ذیابیطس یعنی ڈائی بٹیز کی روک تھام کا عالمی دن منایا جارہا ہے، جس کا مقصد اِس کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے۔ یہ صحت عامہ سے متعلق ایک اہم چیلنج ہے، جس سے دنیا بھر میں لاکھوں لوگ متاثر ہیں۔ ہر سال یہ دن ذیابیطس کی روک تھام، ابتدا میں ہی اس کا پتہ لگانے، موثر بندوبست اور علاج تک مساویانہ رسائی کیلئے جامع کارروائی کی غرض سے ہنگامی ضرورت کو نمایاں کرنے کیلئے منایا جاتا ہے۔

اس سال کا موضوع ''رکاوٹوں کو دور کرنا، خلا کو پُر کرنا'' ہے جو کہ ذیابیطس کے علاج میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے کے سلسلے میں اجتماعی عہد بستگی پر زور دیتا ہے کہ ذیابیطس میں مبتلا ہر فرد کو اعلیٰ معیار اور کفایتی علاج تک رسائی حاصل ہو۔x

Karanataka - NGO

خزانے کی مرکزی وزیر نرملا سیتا رمن نے آج کہا ہے کہ حکومت ڈیجیٹل پبلک انفرا اسٹرکچر میں سرمایہ کاری کررہی ہے تاکہ ڈیجیٹل لین دین کو آسان بنایا جاسکے۔ کرناٹک میں Dharmasthala کے نزدیک ایک پروگرام میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ اِس سے فیض یاب ہونے والے افراد تک رقم پہنچنے میں مدد ملے گی، جس سے انہیں نچلی سطح پر آمدنی حاصل ہو سکے گی اور بالآخر دیہی معیشت کو فروغ حاصل ہوگا۔ محترمہ سیتا رمن نے یہ بھی بتایا کہ حال ہی میں کابینہ نے زراعت، صحت اور شہری ترقی کے شعبوں میں مصنوعی ذہانت کے استعمال کیلئے مہارت کے تین مراکز قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔x

California - Dust Storm

امریکہ میں کیلیفورنیا کی وسطی وادی میں دھول بھری زبردست آندھی آنے کی وجہ سے شاہراہوں پر بڑی تعداد میں گاڑیاں پھنس گئیں اور ہزاروں لوگوں کو بجلی کے بغیر رہنا پڑا۔ Haboob نامی موسم کی اِس صورتحال کے سبب لاس اینجلس کے 400 کلومیٹر شمال میں Chowchilla کے نزدیک حدِ بصارت صفر ہوگئی۔ شاہراہ 152 پر ایک سیمی ٹرک سمیت تقریباً 20 گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں ، جس کے سبب کئی لوگوں کو معمولی چوٹیں آئیں اور انہیں اسپتال میں داخل کرنا پڑا۔ Fresno County میں طوفان کی وجہ سے بجلی کی لائنیں گر گئیں، جس کے سبب 12 ہزار سے زیادہ باشندوں کو بجلی کے بغیر رہنے پر مجبور ہونا پڑا۔x

Jaishankar-Phillipines

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور فلپائن کے مابین روابط جمہوری اقدار، کثیر ملکی نظریات اور مشترکہ اقتصادی امور پر مبنی ہیں۔ نئی دلّی میں بھارت-فلپائن کے درمیان سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل ہونے کے موقع پر منعقد ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دونوں ممالک بین الاقوامی قانون اور قواعد وضوابط کو برقرار رکھنے کیلئے عہد بند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے کچھ سال میں خاص طور سے روابط میں کافی پیش رفت ہوئی ہے۔

وزیر خارجہ نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی اور صدر Ferdinand Marcos نے اس کیلئے سمت طے کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دفاعی اور سلامتی سے متعلق اشتراک میں بھی اضافہ ہوا ہے۔x

US Speaker Nomination

امریکہ میں ایوانِ نمائندگان کے اسپیکر Mike Johnson کو ری پبلکن نے ، اُن کی پوزیشن پر برقرار رکھنے کیلئے نامزد کیا ہے۔ یہ قدم House Republicans کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران امریکہ کے نو منتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ، اُن کیلئے حمایت کے بعد اٹھایا گیا ہے۔

Louisiana Republican جانسن کو جنوری کے اوائل میں 435 رکنی ایوان میں اکثریتی ووٹ حاصل کرنے ہوں گے۔ تبھی

وہ اپنی اِس پوزیشن پر برقرار رہ سکتے ہیں۔ Johnson کو گذشتہ برس اکتوبر میں 209 کے مقابلے 220 ووٹ سے ایوانِ نمائندگان کا اسپیکر چنا گیا تھا۔x

Hockey

بہار میں جاری خواتین کی ایشیائی ہاکی چمپئن شپ میں راج گیر میں آج میزبان اور دفاعی چمپئن بھارت کا مقابلہ اپنے تیسرے میچ میں تھائی لینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ سہ پہر چار بج کر 45 منٹ سے کھیلا جائے گا۔ بھارت نے اپنے پہلے مقابلے میں ملیشیا کو چار-صفر سے، جبکہ دوسرے میچ میں جنوبی کوریا کو دو کے مقابلے تین گول سے ہرایا تھا۔ جیت کے اِس سلسلے کو برقرار رکھنے کی خاطر آج بھارتی ٹیم اپنی حریف ٹیم سے مقابلہ کرے گی۔x

Badminton

بیڈمنٹن میں اولمپک میں دو بار میڈل جیتنے والی بھارتی کھلاڑی پی وی سندھو آج صبح Kumamoto جاپان ماسٹرس 2024 کے خواتین سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں کناڈا کی مِشیل لی سے اکیس-سترہ، سولہ-اکیس، سترہ-اکیس سے ہار گئی ہیں۔ ایک بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین بھی ملیشیا کے Leong Jun Hao سے بائیس-بیس، سترہ-اکیس، سولہ-اکیس سے ہار کر باہر ہوگئے۔

خواتین کے ڈبلز مقابلے میں تریساجولی اور گائیتری گوپی چند بھی اپنا پہلا میچ ہار گئیں۔ اس کے ساتھ ہی اس ٹورنامنٹ میں بھارت کی مہم ختم ہوگئی۔x

Coral Discovery - Pacific

سائنسدانوں نے جنوبی بحرالکاہل میں Solomon جزائر کے نزدیک فٹ بال کے دو میدان کے برابر سمندر کی سب سے بڑی مخلوق میں سے ایک Coral یعنی مونگا کا پتہ لگایا ہے۔ یہ مخلوق 300 سال سے زیادہ پرانی ہوسکتی ہے۔

Pavona Clavus نسل سے تعلق رکھنے والی مونگا کا اِس سال اکتوبر میں ایک تحقیقی جہاز نے پتہ لگایا تھا۔ x

☆☆☆